# تعارف تبصرہ کتب

راہِ عمل (جلد دوم) تالیف مولانا خالد سیف اللہ رحمانی

ضخامت: ۵۰۰ صفحات قیمت: ۶۰۰ روپے (ہر دو جلد) ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب علمی اور ادبی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ آپ کی وقیع علمی تحقیقی اور ادبی تصنیفات آپ کی عبقریت اور نابغیت پر شاہد عدل ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی آپ کی انہی زرین تحقیقات کی ایک معتبر لڑی ہے۔ درحقیقت یہ کتاب آپ کے ان کالموں کا مجموعہ ہے جو کہ وقتاً فوقتاً روزنامہ منصف میں شمع فروزاں کے عنوان سے شائع ہوتے رہے۔ بقول مؤلف کے راقم الحروف روزنامہ منصف کے کالم شمع فروزاں میں سماجی مسائل کو خصوصی اہمیت دیتا رہا ہے۔ بحمد اللہ لوگوں نے نہ صرف اسے پسند کیا بلکہ بہت سے رسائل وجرائد اُسے نقل بھی کرتے رہتے ہیں اب یہ مستقل مجموعہ کی شکل میں قارئین کی نذر ہے۔

یہ جلد دو حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصے کا عنوان ہے عصر حاضر کے سماجی مسائل اس حصہ میں مغربی ثقافت کے غلبہ اور اسلامی تعلیمات سے دوری کیوجہ سے موجودہ حالات میں جو سماجی مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ ان پر بصیرت مندانہ انداز میں تبصرہ کیا گیا ہے۔ اس حصہ کے مرتب جناب محمد نعمت اللہ صاحب ہیں۔ اپنے ابتدائیہ میں مرتب کتاب نے تحریر کیا ہے کہ اس مجموعہ میں اکثر اہم سماجی امراض کی طرف نشاندہی کی گئی ہے اور قرآن وحدیث کی روشنی میں اسکا علاج بھی بتایا گیا ہے یقیناً یہ کتاب اس لائق ہے کہ ہر گھر میں پڑھی جائے۔

کتاب کے دوسرے حصے کا عنوان ہے دینی وعصری تعلیم اور درسگاہیں مسائل اور حل یعنی دینی وعصری تعلیم کی اہمیت تعلیم کے نصاب، نظام کیلئے لائحہ عمل مدارس کے بارے میں غلط فہمیوں کا ازالہ اور دینی وعصری درسگاہوں کے مسائل پر چشم کشا تجزیے وتبصرے۔ ____ اس حصہ کے مرتب جناب محمد عمر عابدین قاسمی ہیں عرض مرتب کے زیر عنوان آپ رقمطراز ہیں آجکل مدارس کے متعلق جو سوالات مدارس کے مخالفین یا اسکے ہمدردان اور بہی خواہوں کے ذہن میں آتے ہیں آپ ان سوالوں کا بھی صحیح جواب معتدل اور متوازن انداز میں آئندہ صفحات میں پڑھیں گے اور ان مسائل سے متعلق واضح تجزیہ دوٹوک تبصرہ اور مخلصانہ مشورہ آپ کو ملے گا۔ ____ کتاب کا یہ حصہ چار بڑے عنوانات پر مشتمل ہے پہلا عنوان دینی تعلیم اور دینی درسگاہیں دوسرا عنوان ہندوستان کے دینی مدارس میں اصول فقہ کی تعلیم تیسرا عنوان عصری تعلیم اور عصری درسگاہیں اور چوتھا عنوان ہے دینی اور عصری درسگاہوں کے مشترک مسائل۔ ان تمام عنوانات پر مولانا نے انتہائی سیر حاصل تحقیق کی ہے واضح رہے کہ الحق کے گذشتہ شمارہ میں جلد اول جو کہ تین حصوں پر مشتمل ہے پر تبصرہ آچکا ہے۔

(محمد ابراہیم فانی)